## 10214 ۔ دوسروں کوکسی کام سے روکنا اورخود اس کا ارتکاب کہیں نفاق تونہیں ؟

**سوال**

جب میں اپنے بھائیوں کوایک برائ سے منع کروں لیکن میں خود وہ برائ کرتا رہوں توکیا میں منافق شمارہوں گا ؟
جواب دے کرمستفید فرمائیں اللہ تعالی آپ کوجزائے خیرفرمائے ۔

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

آپ پر واجب ہے کہ گناہوں اورمعاصی سے توبہ کریں اوراپنے بھائیوں کو بھی اس نصیحت کریں ، اورآپ کے لیے معاصی پرقائم رہنا اوراپنے بھائیوں کونصیحت ترک کردینا جائزنہیں اس لیے کہ یہ دومعصیتوں کوجمع کرنا ہے ۔

تواس سے آپ اللہ تعالی کے ہاں توبہ کرنے کے ساتھ اپنے بھائیوں کونصیحت بھی کرتے رہیں ، تواس طرح آپ منافق نہیں ہونگے ، لیکن آپ ایک فعل کا ارتکاب کررہے ہیں جس کی اللہ تعالی نے مذمت کی اور اس کے فاعل پرعیب لگاتے ہوئے کچھ اس طرح فرمایا ہے :

اے ایمان والو ! تم وہ بات کیوں کہتے ہوجوخود نہیں کرتے ، تم جو کرتے نہیں اس کا کہنا اللہ تعالی کوسخت ناپسند ہے الصف ( 2 ۔ 3 ) ۔

اوراللہ تعالی کا ایک اورمقام پرکچھ اس طرح فرمان ہے :

کیا لوگوں کوتوبھلائیوں کا حکم دیتے ہو ؟ اورخود اپنے آپ کوبھول جاتے ہو باوجود یکہ تم کتاب پڑھتے ہو کیا تم میں اتنی بھی سمجھ نہیں ۔ .